اسکول ڈینٹل کیئر سروس

اسکول ڈینٹل کیئر سروس دانتوں کی دیکھ بھال کا ایک پروگرام ہے جو ہانگ کانگ کے تمام پرائمری اسکولوں کے طلباء کے لیے شعبہ صحت کی جانب سے چلایا جاتا ہے۔ یہ طالب علموں کو دانتوں کا بنیادی علاج فراہم کرتا ہے اور دانتوں کی بیماریوں سے بچنے کے لیے منہ کی صحت کی بہتر دیکھ بھال کی عادات کو فروغ دیتا ہے۔

سروس میں شرکت

شرکت کرنے والے اسکولوں کے طلباء اسکول کے نئے سال کے آغاز پر اپنے اسکولوں کے ذریعے داخلہ لے سکتے ہیں۔ والدین کو درخواست فارم مکمل کرنا چاہیے اور مقرر معمولی فیس کے ساتھ اسکول میں واپس جمع کرانا چاہیے۔ اسکولوں کے شرکت نہ کرنے والے طلباء انفرادی طور پر مذکورہ سروس میں شامل ہو سکتے ہیں۔ والدین داخلہ کے لیے اپنی پسند کے اسکول ڈینٹل کلینک سے رابطہ کر سکتے ہیں۔
خصوصی حالات میں اگر آپ کا بچہ پرائمری اسکول کی سطح پر پہنچ چکا ہے اور ابھی تک مندرجہ بالا طریقوں کے ذریعے SDCS میں شامل نہیں ہوا تو مہربانی فرما کر معلومات کے لیے ہمارے اسکول ڈینٹل کلینک سے رابطہ کریں۔

سروس اسکیم

اس اسکیم میں شامل ہونے والے طلباء ایک سالہ ڈینٹل کیئر سے استفادہ حاصل کر سکتے ہیں جوموجودہ سال کے 1 نومبر سے شروع ہو گا اور 31 اکتوبر تک جاری رہے گا۔ منہ کے معائنے اور علاج کے لیے اسکول ڈینٹل کلینک میں شامل ہونے کا انتظام کیا جائے گا۔ فالو اپ کے لیے آنے والے لوگوں کو مزید علاج و معائنہ کا وقت دیا جائے گا۔

خدمات فراہم کنندگان

اس سروس کو ماہر اور قابل ڈینٹل تھراپسٹ اور زیر تربیت ڈینٹل تھراپسٹ کے ذریعے چلایا جاتا ہے جس کی نگرانی ڈینٹل سرجن کرتے ہیں۔

سروس کا دائرہ کار

طلباء کو اس سروس کی پیشکش کی جاتی ہے:

- دانتوں کی دیکھ بھال کرنے کی بہترعادات کو فروغ دینے اور ان کی حوصلہ افزائی کرنے کے لیے منہ کی صحت کی تعلیم
- منہ کا معائنہ
- روک تھام کے لیے علاج جیسے اسکیلنگ، دانتوں کی خالی جگہ کی بھرائی
- دانتوں کا بنیادی علاج جیسے کھوکھلے پن کی بھرائی یا فلنگ، دانت نکلوانا
- حسب ضرورت دانتوں کے سرجن زیادہ پیچیدہ پروسیجرز/آپریشن کر سکتے ہیں
- دفتری اوقات کے دوران ایمرجنسی سروس

سروس کا انتظام

اسکولوں کی طرف سے طلباء کے لیے ترجیحی طور پر بس سروس فراہم کی جاتی ہے۔ انفرادی طور پر داخل شدہ طلباء کے لیے اسکول کے اوقات کے علاوہ ڈینٹل کلینک جانے کا انتظام کیا جائے گا۔ داخل شدہ طلباء دفتری اوقات کے دوران اپنے نامزد اسکول ڈینٹل کلینک میں قائم ایمرجنسی سروس سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔

اسکول ڈینٹل کلینک

اسکول ڈینٹل کلینک ونچائی، کولون سٹی، لام ٹن، شٹن، ٹون مون، کائی چنگ اور فانلنگ میں واقع ہیں۔
طلباء اپنے اسکول کے مقام کے مطابق مندرجہ ذیل کلینک میں جانے کا انتظام کریں گے۔

Tang Shiu Kin School Dental Clinic

286 Queen's Road East, Wanchai, Hong Kong

1/F, MacLehose Dental Centre	2892 2147
5/F, MacLehose Dental Centre	2892 2125

Lam Tin School Dental Clinic

2/F, Lam Tin Polyclinic, 99 Kai Tin Road, Lam Tin, Kowloon — 3163 4530

1/F Argyle Street Jockey Club School Dental Clinic

1/F, 147J, Argyle Street, Kowloon — 2760 5214

3/F Argyle Street Jockey Club School Dental Clinic

3/F, 147J, Argyle Street, Kowloon — 2760 5232

Pamela Youde School Dental Clinic

1/F, 31-33 Chap Wai Kon Street, Shatin, N.T. — 2210 1678

Ha Kwai Chung School Dental Clinic

1/F, Ha Kwai Chung Polyclinic & Special Education Services Centre, 77 Lai Cho Road, Kwai Chung, NT. — 3651 5587

Tuen Mun School Dental Clinic

16 Tsun Wen Road, Tuen Mun, N.T. 2460 5667

Fanling School Dental Clinic

2/F, Fanling Health Centre, 2 Pik Fung Road, Fanling, N.T. 2639 4646

اسکول ڈینٹل کیئر سروس ہینڈ بک

تمام داخل شدہ طالب علموں کو ایک ہینڈ بک دی جاتی ہے۔ یہ والدین اور کلینک کے عملے کے درمیان رابطے کو بہتر بناتی ہے۔ والدین اپنے بچے کے دانتوں کی پیش رفت اور منہ کی صحت کی کیفیت کو ہرایک وزٹ پر فراہم کردہ علاج کے ریکارڈ سے سمجھ سکتے ہیں۔ ہینڈ بک میں منہ کی صحت کا سوال و جواب سیکشن بھی شامل ہے جو بچوں کے دانتوں کے بعض عمومی مسائل سے نمٹتا ہے۔

ہاٹ لائنز اور ویب سائٹس

محکمہ صحت اسکول ڈینٹل کیئر سروس اور منہ کی صحت کی تعلیم کے لیے درج ذیل ہاٹ لائن اور ویب سائٹس چلاتا ہے:

School Dental Care Service Hotline : 29286132
School Dental Care Service Website : www.schooldental.gov.hk
ToothClub Website : www.toothclub.gov.hk

داخل شدہ طالب علم آن لائن خدمات سے استفادہ کرنے کے لیے ہمارے آن لائن استعمال کنندگان کے طور پر رجسٹر ہو سکتے ہیں۔